# BOOKLET

## ENROLLMENT / ADMISSION

### Session 2025-2027

# CLASS-IX




BOARD OF INTERMEDIATE AND SEONDARY EDUCATION

86-Mozang Road, Lahore

## Our Vision

"To hold examinations for promotion of education and enable students to excel meaningfully in the competitive world".

## Our Mission

"To conduct examinations in a transparent, fair and unbiased manner to ensure quality of assessment"

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

# راہنما کتابچہ
# Booklet

برائے

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات ملحقہ لاہور بورڈ

ہیڈ ماسٹرز، ہیڈ مسٹریس اور پرنسپلز

ہائی سیکنڈری سکولز

جماعت نہم (Class-IX) میں

طلباء و طالبات کی انرولمنٹ / داخلہ

# TABLE OF CONTENTS


| Sr No. | Contents | Page # |
|---|---|---|
| 1. | Enrollment / Admission Schedule | i |
| 2. | Instructions | 05 |
| 3. | Important Note | 10 |
| 4. | Fee Chart | 11 |
| 5. | Method of Using Online Registration System | 14 |
| 6. | Registration Online Portal | 16 |
| 7. | How to Create Enrollment Return | 18 |
| 8. | Proof Reading | 22 |
| 9. | Edit / Correction Form / Delete Form | 25 |
| 10. | How to Create / Delete Batch | 29 |
| 11. | Saving Record / Method to Take Print | 34 |
| 12. | Batch Delete Application Performa | 36 |

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

مراسلہ نمبر 510-رجسٹریشن

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات ملحقہ لاہور بورڈ

مورخہ 15 اپریل 2025ء

## نوٹیفکیشن

**(ریگولر طلباء/طالبات)**

عنوان:۔ **آن لائن داخلہ / انرولمنٹ شیڈول برائے جماعت نہم (Class-IX) تعلیمی سیشن 2025ء تا 2027ء**

آپ کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ جماعت نہم (Class-IX) کی آن لائن داخلہ / انرولمنٹ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔جس میں انرولمنٹ فیس مبلغ-/1150 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ-/870 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ-/280 روپے ( ٹوٹل-/2300 روپے) فی طالب علم/طالبہ مقرر کی گئی ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن / کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں جمع کروانے کی حتمی تواریخ (الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں) |
|---|---|---|
| (i) | داخلہ/انرولمنٹ برائے جماعت نہم (Class-IX) بغیر لیٹ فیس ( تمام سرکاری ادارے انرولمنٹ فیس سے مستثنیٰ ہوں گے لیکن پروسیسنگ فیس مبلغ-/870 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ-/280 روپے فی طالب علم/طالبہ جمع کروانے کے پابند ہوں گے ) | 15-اپریل-2025ء تا 29-مئی-2025ء |
| (ii) | اصل مروجہ انرولمنٹ فیس، پروسیسنگ فیس اور سپورٹس فیس کے علاوہ-/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ جماعت نہم (Class-IX) میں داخلہ (تمام سرکاری، پرائیویٹ (الحاق شدہ) تعلیمی ادارے بورڈ ہذا کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے ) | 30-مئی-2025ء تا 13-جون-2025ء |
| (iii) | ادارہ جات میں سیریل نمبر (i) اور (ii) کے تحت داخل کیے گئے طلباء و طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس، پروسیسنگ فیس اور سپورٹس فیس کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ-/600 روپے فی گروپ/Per Batch کے ساتھ جمع کروانے کا طریقہ کار۔ | ایسے طلباء وطالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول میں ہوا مگر انرولمنٹ ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی اور نہ ہی BATCH بن سکے اور نہ ہی دفتر ہذا میں انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان امیدواران کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ داخلہ کی تاریخ سے یومیہ جرمانہ مبلغ-/600 روپے PER BATCH/GROUP کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا فیس (Tripple Fee) شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔ |

## ہدایات

بورڈ فیصلہ کے مطابق تمام سرکاری و پرائیویٹ الحاق شدہ تعلیمی ادارہ جات کے لیے جماعت نہم کے داخلہ/انرولمنٹ کرتے وقت یکم اگست 2025 تک طالب علم/طالبہ کی کم از کم عمر کی حد 11 سال 2 ماہ مقرر کی گئی ہے۔درج بالا شیڈول کے بعد کسی بھی ادارے کو داخلہ / انرولمنٹ کی اجازت نہیں ہوگی۔انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول کے اندر دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔انرولمنٹ ریٹرن لیگل سائز (8.5x14) صفحہ پر اور لینڈ سکیپ (LANDSCAPE) میں پرنٹ کریں۔بصورت دیگر وصول نہیں کی جائے گی۔آن لائن انرولمنٹ ریٹرن اور دفتری قواعد و ضوابط سے متعلقہ ضروری رہنمائی کتابچہ بورڈ کی ویب سائیٹ ( www.biselahore.com ) پر بھی دستیاب ہے۔مینوئل (MANUAL) انرولمنٹ ریٹرن ہرگز وصول نہیں کی جائے گی۔جماعت نہم (Class-IX) کی انرولمنٹ ریٹرن آن لائن کرتے وقت والد/والدہ/سرپرست کا درست شناختی کارڈ نمبر اور طالب علم/طالبہ کا "ب" فارم نمبر لازمی درج کریں۔طلباء اور طالبات کے کوائف کا اندراج بمطابق "ب" فارم کریں۔دفتر ہذا اداروں میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لئے منگوایا جاسکتا ہے۔ سربراہ ادارہ کو پابند کیا جاتا ہے کہ طلباء/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن کرتے وقت (RECENT PICTURE) سکین کر کے اپ لوڈ کی جائے مزید راہنمائی کیلئے بورڈ کی ویب سائیٹ وزٹ کی جاسکتی ہے۔

( رضوان نذیر )

سیکرٹری

# ......﴿ تعارف ﴾......

دفتر ہذا کے زیر اہتمام جماعت نہم(Class-IX) کی آن لائن انرولمنٹ / داخلہ کے لئے راہنما کتابچہ(Book Let) اس یقین کی بنا پر تیار کیا گیا ہے کہ تمام جملہ سربراہان ادارہ جات (گورنمنٹ و پرائیویٹ) الحاق شدہ لاہور بورڈ اپنے فرائض منصبی دیانت داری، ایمان داری، تندہی اور ہر قسم کے دباؤ سے بالاتر ہو کر قومی و ملی جذبے کے تحت طلباء و طالبات کے مفاد میں سرانجام دیں گے۔ تمام سربراہان ادارہ جات اس میں درج قواعد و ضوابط اور ہدایات کا بغور مطالعہ کریں اور ان پر سختی سے عمل کریں تاکہ بعد میں پیدا ہونے والی الجھنوں اور مسائل سے محفوظ رہیں۔ راہنما کتابچہ بورڈ کی ویب سائیٹ(www.biselahore.com) پر دستیاب ہے۔

مخلص

سیکرٹری بورڈ

# جماعت نہم (Class-IX) میں داخلہ کے لئے عمر کی حد

**تمام سرکاری اور پرائیویٹ الحاق شدہ تعلیمی اداروں کے لئے لازمی ہے کہ جماعت نہم (Class-IX) کی انرولمنٹ/رجسٹریشن کرتے وقت رواں سال یکم اگست 2025ء تک طالب علم/طالبہ کی کم از کم عمر 11 سال 02 ماہ مقرر کی گئی ہے۔**

**"A student getting admission in an institution in Class-IX (9th) shall be of 11-years and 2 months of age by 1st August of the Year of Enrollment / Registration with the Board."**

## ضروری ہدایات

(1) بورڈ فیصلہ کے مطابق سرکاری ادارہ جات و دیگر طلباء/طالبات کو انرولمنٹ فیس سے استثنیٰ کی سہولت صرف شیڈول کی سیریل نمبر (i) تک حاصل ہے۔ بصورتِ دیگر جاری شیڈول کے مطابق فیس کی ادائیگی کرنے کے پابند ہوں گے۔

(2) آن لائن بیچ یا گروپ بنانے (Creation of Online Batch/Group) کے لیے BookLet کا صفحہ نمبر (29) ملاحظہ فرمائیں۔

(3) بیچ یا گروپ Batch/Group بناتے وقت اس امر کی تسلی کرلیں کہ طالب علم یا طالبہ نے پہلے جماعت نہم (Class-IX) کا امتحان دیا ہے یا نہیں۔ اگر امتحان دیا ہے تو وہ جماعت نہم (Class-IX) میں دوبارہ داخل (Re-Admit) ہوگا/ہوگی۔ پہلے سے جاری کردہ انرولمنٹ/رجسٹریشن نمبر ہی برقرار (Intact) رہے گا۔ نئی انرولمنٹ/رجسٹریشن ہرگز نہیں ہوگی۔

(4) ادارے میں داخل شدہ سائنس اور آرٹس کے تمام طلباء و طالبات کا Batch/Group بھی سائنس اور آرٹس میں علیحدہ سے بنائیں اور فیس کا آن لائن/کمپیوٹرائز ڈ اصل بینک چالان بھی سائنس اور آرٹس میں علیحدہ سے ہی جمع کروانا ہوگا۔

(5) مدھم اور غیر واضح پرنٹ/تصویر ہرگز قبول نہیں کی جائے گی۔

(6) انرولمنٹ ریٹرن کو بورڈ ویب سائیٹ پر آن لائن کرتے ہوئے طلباء و طالبات کے کوائف بمطابق "ب" فارم درست طور پر انگلش کے بڑے حروف (Capital Words) میں درج کریں۔ سربراہ ادارہ انرولمنٹ ریٹرن کے ہر صفحہ پر موجود کوائف اور تصویر کو چیک کرنے کے بعد اپنے ادارے کی مہر اور دستخط ثبت کریں۔

(7) آن لائن رجسٹریشن نمبرز/کارڈز نہ ملنے کی صورت میں فوراً دفتر سے رابطہ کریں۔ بصورتِ دیگر بورڈ ذمہ دار نہ ہوگا۔

(8) انرولمنٹ ریٹرن کی مکمل ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس کا اصل بینک چالان دونوں ہی دستی (By Hand) یا بذریعہ ڈاک دفتر کے جاری کردہ شیڈول میں جمع کروانا لازمی ہے۔ انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع نہ کروانے کی صورت میں انرولمنٹ/داخلہ شیڈول کی شق نمبر (iii) کے تحت ادارہ کو -/600 روپے یومیہ جرمانہ (Per Batch) کی ادائیگی کرنی ہوگی۔ نیز سرکاری ادارہ جات نے بھی اگر ہارڈ کاپی مقررہ شیڈول کے مطابق دفتر جمع نہ کروائی تو اصل مروجہ فیس اور -/600 روپے یومیہ جرمانہ (Per Batch) ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ سربراہ اِدارہ جات انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی ہمراہ مروجہ فیس دفتر وصولی کی تصدیق فرمالیں۔

**نوٹ:** انرولمنٹ ریٹرن یا فیس جمع کروانے کے لئے کسی غیر متعلقہ شخص/ایجنٹ وغیرہ سے رابطہ قائم نہ کیا جائے۔

(9) تمام اداروں پر لازم ہے کہ دستی (By Hand) یا بذریعہ ڈاک بھیجی گئی انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی بمع فیس کا اصل بینک چالان سات (07) ایام کے اندر دفتر ہذا میں لازمی موصول ہونا چاہیے بصورتِ تاخیر شیڈول کی شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

(10) فیس/ جرمانہ کی رقوم حبیب بینک لمٹیڈ بورڈ برانچ یا بورڈ سے منظور شدہ حبیب بنک لمیٹڈ کی کسی بھی شاخ میں بحق سیکرٹری بورڈ آن لائن/ کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان پر جمع کروانی ہوگی۔ فیس/ جرمانہ کی ڈیجیٹل ادائیگی کے لئے HBL صارفین /HBL Konnect / Mobile App/ InternetBanking پر دستیاب ''ایجوکیشن ٹیب'' میں (لاہور بورڈ) کا انتخاب کریں۔ اور چالان نمبر فیڈ کر کے اپنی فیس/ جرمانہ جمع کروا سکتے ہیں۔ برائے دیگر بینک/ والٹ صارفین اپنے موبائل ایپ/ انٹرنیٹ بینکنگ سے 1-Bill Invoice/Voucher منتخب کریں اور چالان نمبر فیڈ کرنے سے پہلے ''1001145011'' فیڈ کر کے فیس/ جرمانہ جمع کروا سکتے ہیں۔

(11) انرولمنٹ فیس جو ایک مرتبہ بورڈ کے کھاتہ میں جمع ہو جائے گی وہ قابل واپسی نہیں ہوگی۔ چیک/ ڈرافٹ کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہوگا۔

(12) بورڈ کی طرف سے جاری کردہ الحاق لیٹر کے بغیر انرولمنٹ ریٹرن جمع نہیں ہوگی۔

(13) انرولمنٹ ریٹرن لیگل سائز صفحہ (8.5×14) پر اور لینڈ سکیپ (Landscape) میں پرنٹ کریں۔ بصورتِ دیگر انرولمنٹ ریٹرن جمع نہیں کی جائے گی۔

(14) بیچ یا گروپ بنانے کے بعد (Creation of Batch/Group) ادارہ جات اگر بیچ/ گروپ (Batch/Group) ختم (Delete) کروانا چاہتے ہوں تو فیس مبلغ -/1500 روپے کے اصل بینک چالان کے ساتھ ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس/ پرنسپل کی درخواست پر بیچ/ گروپ (Batch/Group) ختم (Delete) کیا جائے گا۔ صرف ایسا بیچ/ گروپ (Batch/Group) ختم (Delete) کیا جائے گا جس کی انرولمنٹ فیس بینک میں اور انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر ہذا میں جمع نہ کروائی گئی ہو۔ یہ سہولت صرف انرولمنٹ/ داخلہ شیڈول کے خانہ جات نمبرز "i" اور "ii" میں درج تاریخوں تک داخل کئے گئے طلباء و طالبات کے لئے ہوگی ان تاریخوں کے بعد ہرگز بیچ/ گروپ Batch/Group ختم (Delete) نہیں کیا جائے گا۔

(15) بورڈ کی طرف سے جاری کردہ انرولمنٹ نمبرز/ کارڈز جاری ہونے کے بعد ہرگز بیچ/ گروپ (Batch/Group) ختم (Delete) نہیں کیا جائے گا۔

(16) بورڈ کی طرف سے جاری کردہ انرولمنٹ نمبر/ کارڈ ہرگز کینسل/ ختم (Cancel/Delete) نہیں ہوگا۔ وہ ہمیشہ برقرار (Intact) رہے گا۔

(17) آن لائن بیچ/ گروپ ختم (Deletion of Online Batch/Group) کروانے کے لیے پروفارما Book let کا صفحہ نمبر (36) ملاحضہ فرمائیں۔

## جماعت (نہم، دہم) میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کا (N.O.C) کی بنیاد پر داخلہ

(1) ایسے طلباء و طالبات جو کسی دوسرے بورڈ سے جماعت نہم یا دہم (Class-IX/X) میں زیر تعلیم کا مائیگریشن سرٹیفکیٹ (N.O.C) حاصل کر لیں وہ اجراء کی تاریخ سے لے کر 45۔ایام کے اندر بورڈ ہذا سے الحاق شدہ سرکاری و نیم سرکاری (گورنمنٹ یا پرائیویٹ) کسی بھی ادارے میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

(2) ادارے کے سربراہان ایسے طلباء/طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن کے ساتھ درج ذیل دستاویزات لازمی لف کریں۔

(i) اس کے سابقہ بورڈ کا جاری کردہ اصل مائیگریشن سرٹیفکیٹ (N.O.C)

(ii) سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ

(iii) ایک عدد تصویر (سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ)

(iv) فارم "ب" (Bey-Form) کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی

(v) سکول کے لیٹر پیڈ پر سربراہ ادارہ کا وضاحتی مراسلہ/سفارشات

(vi) انرولمنٹ فیس بحق بورڈ بینک/آن لائن جمع کروانے کا آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان طالب علم/طالبہ کو سکول میں داخل کرنے کی تاریخ کے 10۔ایام کے اندر بورڈ ہذا کے آر اینڈ ڈی سیکشن میں دستی یا بذریعہ ڈاک جمع کروانے کے پابند ہیں۔تاہم داخلہ فارم جاری شیڈول کے مطابق ہی جمع کروانے کے پابند ہونگے۔

(3) بصورت تاخیر ہر قسم کی انرولمنٹ ریٹرن پر شیڈول کی شق نمبر (iii) کے مطابق فیس وجرمانہ وصول کیا جائے گا۔

## سکول ٹو سکول آن لائن مائیگریشن سرٹیفکیٹ و دیگر بورڈز کے لیے (N.O.C) حاصل کرنے کا طریقہ

(1) جماعت نہم یا دہم (Class-IX/X) میں زیر تعلیم طلباء/طالبات ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن یا دیگر کسی بورڈ کے لیے NOC کے حصول کے سلسلے میں دفتر ہذا کے سہولت مرکز سے رابطہ کر کے دفتری قوائد کے مطابق مائیگریشن کروا سکتے ہیں۔واضح رہے کہ دفتر ہذا کی اجازت کے بغیر کی گئی مائیگریشن قابل قبول نہ ہوگی۔

## انرولمنٹ ریٹرن میں آن لائن/کمپیوٹرائزڈ فیڈ کی گئی انفارمیشن (کوائف) میں درستگی کا طریقہ

(1) تمام ادارے انرولمنٹ ریٹرن میں طلباء اور طالبات کی آن لائن/کمپیوٹرائزڈ فیڈ کیے گئے کوائف میں درستگی/تبدیلی رجسٹریشن کارڈ کے اجراء کے بعد جماعت نہم (Class-IX) کے امتحانی داخلہ فارموں کا شیڈول جاری ہونے سے پہلے تک کریں گے۔

(2) درستگی/تبدیلی کوائف درج ذیل دستاویزات مہیا کرنے کے بعد ہوگی۔

(i) سربراہ ادارہ کے جاری کردہ تصدیقی مراسلہ/سفارشات

(ii) رجسٹر داخل خارج کی مصدقہ نقل بمع اصل رجسٹر (برائے ملاحظہ)

(iii) درستگی فیس مبلغ-/1500 روپے فی طالبعلم/طالبہ فی درستگی (Per Perticular) وصولی کی جائے گی۔

(3) اصل رجسٹر داخل خارج (حصہ ہائی) کے متعلقہ اندراج میں کٹنگ انک ریمور، فلیوڈ اور اُوور رائیٹنگ یا شک ہو تو ایسی صورت میں حصہ پرائمری/حصہ مڈل کا داخل خارج رجسٹر بمع مصدقہ نقول "ب۔فارم" (Bay-Form) یا برتھ سرٹیفکیٹ کے مطابق (حصہ ہائی) کے اصل رجسٹر داخل خارج میں درستگی کے بعد پیش کرنا ہوگا۔

(4) جماعت نہم (Class-IX) کے امتحانی داخلہ فارموں کا فیس شیڈول جاری ہونے کے بعد درستگی کوائف کے لیے متعلقہ ٹیبولیشن برانچ سے رجوع فرمائیں۔

(5) **درستگی کی دستاویزات بمع فیس چالان بورڈ میں جمع کروانے کے 15۔ایام تک آن لائن درستگی نہ کی گئی تو رجسٹریشن برانچ سے رجوع فرمائیں۔ بصورتِ تاخیر تمام تر ذمہ داری متعلقہ ادارے پر عائد ہوگی۔**

## تصویر(Photo)درستگی

(1) (i) طلباء اور طالبات کی تصویر کی آن لائن/ کمپیوٹرائزڈ درستگی درج ذیل دستاویزات مہیا کرنے کے بعد ہوگی۔

(ii) مروجہ فیس مبلغ-/1500 روپے فی طالب علم/طالبہ جمع کروانے پر کی جائے گی۔

(iii) تصویر کی درستگی صرف جماعت نہم (Class-IX) میں امتحان شروع ہونے سے پہلے تک کی جائے گی۔ جماعت دہم (Class-X) میں ہرگز تصویر تبدیل نہیں کی جائے گی۔

(iv) نقاب والی اور غیر واضح تصویر کی اجازت نہیں ہوگی۔

(2) امتحانی داخلہ فارموں کا شیڈول جاری ہونے کے بعد تصویر کی درستگی میٹرک ٹیبولیشن برانچ کرے گی۔

## انرولمنٹ ریٹرن میں آن لائن/ کمپیوٹرائزڈ فیڈ کیے گئے مضمون تبدیلی کا طریقہ

(1) طلباء وطالبات کے آن لائن/ کمپیوٹرائزڈ فیڈ کیے گئے مضمون/مضامین کی درستگی امتحانی داخلہ فارموں کا شیڈول جاری ہونے تک رجسٹریشن برانچ کرے گی۔ جس کی فیس مبلغ-/1500 روپے فی مضمون (Per Subject) مقرر کی گئی ہے جو کہ دفتر ہذا میں بذریعہ بینک چالان جمع کروانی ہو گی۔

(2) سربراہ ادارہ کی وساطت سے مضمون/مضامین کی تبدیلی کی آن لائن درستگی کی ہارڈ کاپی دفتر کو ارسال کریں۔ امتحانی داخلہ فارموں کا شیڈول جاری ہونے کے بعد تبدیلی مضمون/مضامین کی درستگی کے لیے میٹرک برانچ سے رابطہ کریں۔

## ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کا جماعت نہم (Class-IX) میں دوبارہ داخلہ (Re-Admission) لینے کا آن لائن/ کمپیوٹرائزڈ طریقہ

(1) رواں سال سالانہ امتحان 2025ء برائے جماعت نہم (Class-IX) کے نتیجہ (Result) کی اشاعت کے بعد 30۔ایام کے اندر کسی بھی ادارے میں دوبارہ داخلہ (Re-Admission) لے سکتے ہیں۔

(2) حسب ذیل کیٹگری کے حامل طلباء/طالبات دوبارہ داخلہ (Re-Admission) حاصل کر سکتے ہیں:

(i) جماعت نہم (Class-IX) میں صرف رجسٹرڈ ہونے والے ریگولر/پرائیویٹ طلباء اور طالبات

(ii) جماعت نہم (Class-IX) میں کسی بھی مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے ریگولر/پرائیویٹ طلباء اور طالبات

(iii) جماعت نہم (Class-IX) میں غیر حاضر رہنے والے ریگولر/پرائیویٹ طلباء اور طالبات

(iv) جماعت نہم (Class-IX) میں پاس ہونے والے ریگولر/پرائیویٹ طلباء/طالبات دوبارہ داخلہ لے سکتے ہیں۔تاہم ایسے طلباء/طالبات اپنا پاس کردہ نتیجہ منسوخ (Cancel) کروانے کے بعد ہی جاری کردہ شیڈول کے مطابق دوبارہ داخلہ (Re-Admission) لے سکتے ہیں۔

(3) تمام ادارے آن لائن ری ایڈمشن فارم کی ہارڈ کاپی بمع ری ایڈمشن کا کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان فیس مبلغ -/1500 روپے فی ریگولر/پرائیویٹ طالب علم/طالبہ بحق بورڈ بینک/آن لائن جمع کروانے کے بعد دفتر ہذا میں جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

(4) طلباء/طالبات اپنا مضمون/مضامین بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔

(5) ایسے ریگولر یا پرائیویٹ طلباء و طالبات جو ایک دفعہ ری ایڈمیشن کی سہولت حاصل کر لیں اور وہ ری ایڈمیشن کو کینسل کروانا چاہیں تو فیس مبلغ -/1500 روپے بحق بورڈ بینک/آن لائن جمع کروانے کا پابند ہوگا۔بشرطیکہ انہوں نے اپنا پاس رزلٹ کینسل نہ کروایا ہو۔یہ سہولت ان طلباء و طالبات کے لیے ہوگی جنہوں نے اپنا امتحانی داخلہ فارم برائے جماعت دہم (Class-X) دفتر ہذا میں جمع نہ کروایا ہو/آن لائن فیڈ نہ کیا ہو۔

(6) ری ایڈمشن حاصل کرنے والے طلباء/طالبات کا سابقہ انرولمنٹ نمبر ہی برقرار (Intact) رہے گا۔

(7) طلباء/طالبات ری ایڈمیشن (Re-Admission) کی سہولت پانچ سال کے اندر صرف ایک مرتبہ ہی حاصل کر سکتے ہیں۔

**This Policy Shall come to force at once. The previous Enrollment/Registration of the student will remain intact.**

ری ایڈمیشن (Re-Admission) شدہ طلباء و طالبات اگر اگلے سال (Next Year) جماعت نہم (Class-IX) میں صرف رجسٹرڈ ہوں، غیر حاضر ہوں، 33% سے کم نمبر حاصل کریں، کمپارٹمنٹ/فیل ہوجائیں یا پاس ہوجائیں تمام صورتوں میں اُن کا جماعت نہم (Class-IX) میں دوبارہ داخلہ نہیں ہوگا اور نہ ہی پاس رزلٹ کینسل ہوگا۔

(8) ری ایڈمیشن (Re-Admission) کی فیس کا اصل بینک چالان بحق بورڈ بینک/آن لائن جمع شدہ اور ری ایڈمیشن کا اصل فارم دونوں ہی مقررہ تاریخ تک دفتر میں جمع کروانا لازمی ہے۔

## فیس، جرمانہ اور دورانیہ کا شیڈول

| سیریل نمبر | شیڈول | جماعت نہم (Class-IX) میں دوبارہ داخلہ (RE-ADMISSION) کی تاریخیں |
|---|---|---|
| i | جماعت نہم (Class-IX) میں بغیر لیٹ فیس مبلغ -/1500 روپے کے ساتھ دوبارہ داخلہ | جماعت نہم (Class-IX) کا نتیجہ شائع ہونے کے بعد 30۔ایام تک |
| ii | فیس مبلغ -/1500 روپے بمع -/500 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ جماعت نہم (Class-IX) میں دوبارہ داخلہ | نتیجہ کی اشاعت کے 30۔ایام گزرنے کے بعد تا امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا (Tripple Fee) فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک |

## ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کا جماعت نہم(Class-IX) میں پاس نتیجہ منسوخ کروانے کا طریقہ

**(1)** صرف رواں سال سالانہ امتحان2025ء میں جماعت نہم(Class-IX) پاس ہونے والے ریگولر/پرائیویٹ طلباء/طالبات صفحہ نمبر(09) پر درج تاریخوں/شیڈول کے اندر نتیجہ(Result) کی منسوخی(Cancellation of Result) کے لئے میٹرک ریکارڈ سیکشن بورڈ ہذا سے رابطہ کریں۔

نتیجہ منسوخ کروانے کے بعد ریگولر/پرائیویٹ طلباء و طالبات درج بالا شق کے تحت ہی جماعت نہم (Class-IX) میں دوبارہ داخلہ (Re-Admission) اصل مروجہ فیس مبلغ-/1500 روپے بحق بورڈ بینک/ آن لائن جمع کروانے کے بعد لے سکتے ہیں۔

## ﴿انتہائی ضروری نوٹ﴾

تمام سرکاری و نیم سرکاری (گورنمنٹ و پرائیویٹ) ادارہ جات اور بورڈ ہذا کی تمام متعلقہ برانچیں جاری کردہ شیڈول اور "کتابچے" (Book Let) میں درج ہدایات پر عمل کرنے کی پابند ہوں گی۔ کتابچے میں دیئے گئے فیس و جرمانہ چارٹ کے مطابق ہر قسم کی درستگی (کوائف، فوٹو، **Batch**، مائیگریشن/**N.O.C**، **تبدیلی مضمون ب' فارم**) دفتر ہذا کے قوانین کے مطابق ہوگی۔ دفتر ہذا ادارہ جات میں داخل ہونے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا اصل رجسٹر داخل خارج ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لئے طلب کرسکتا ہے۔

# فیس وجرمانہ کی تفصیل

| سیریل نمبر | کیٹگری/قِسم | شرح روپوں میں |
|---|---|---|
| 1. | انرولمنٹ فیس | 1150روپے |
| 2. | پروسیسنگ فیس | 870روپے |
| 3. | سپورٹس فیس | 280روپے |
| 4. | انرولمنٹ ریٹرن کا یومیہ جرمانہ (جاری شدہ شیڈول کے مطابق) | 600روپے |
| 5. | کوائف میں درستگی (انرولمنٹ ریٹرن میں) (Per Perticular) فی طالب علم/طالبہ فیس | 1500روپے |
| 6. | تصویر درستگی (Photograph) انرولمنٹ ریٹرن میں فیس | 1500روپے |
| 7. | تبدیلی مضمون (Per Subject) فیس | 1500روپے |
| 8. | ری ایڈمیشن فیس | 1500روپے |
| 9. | ری ایڈمیشن (یومیہ جرمانہ فی طالب علم/طالبہ) فیس | 500روپے |
| 10. | ری ایڈمیشن کینسل (Re-Admission Cancellation) فیس | 1500روپے |
| 11. | آن لائن پیج/گروپ ختم کروانا فیس | 1500روپے |

## بورڈ ہذا سے رابطہ اور خط و کتابت کے لئے ٹیلی فون نمبرز بمع عہدہ، ڈاک اور ای میل کا پتہ

| سیریل نمبر | عہدیداران | ٹیلی فون نمبرز |
|---|---|---|
| .1 | سیکرٹری بورڈ | 042-99200152-3 |
| .2 | اسسٹنٹ سیکرٹری رجسٹریشن | 042-99205210 |
| .3 | سپرنٹنڈنٹ رجسٹریشن | 042-99200192-7 Ext. 269 |
| .4 | ای میل ایڈریس:۔ | secretarybiselahore@gmail.com |
| .5 | خط و کتابت کے لئے پتہ:۔ | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، 86۔مزنگ روڈ، لاہور |

**نوٹ:۔** لاہور بورڈ کے ساتھ الحاق شدہ (AFFILIATED) تمام تعلیمی اداروں کے سربراہان سے التماس ہے کہ "کتابچے" (BOOKLET) میں درج ہدایات اور قواعد کو ملاحظہ کرنے کے بعد ان پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

سیکرٹری بورڈ

## انتہائی اہم

1۔ Batch بنانے سے پہلے پروف پرنٹ کر کے Candidate سے تصدیق کروا کر اپنے پاس ادارے کے ریکارڈ میں محفوظ کر لیں۔ تاکہ Batch بنانے سے پہلے کسی غلطی کا امکان نہ رہے۔

2۔ تمام آن لائن فیڈنگ مکمل کرنے کے بعد Batch بنائیں۔

3۔ اگر آخری تاریخ تک فیڈنگ مکمل کرنے کے باوجود Batch لیٹ بنایا گیا تو بھی جرمانہ ادا کرنا پڑے گا۔ لہٰذا Batch بنانے کا کام بھی بتائی گئی آخری تاریخ سے پہلے مکمل کر لیں۔

4۔ Application کا فارمیٹ اِس Manual کے آخر میں موجود ہے۔

5۔ آن لائن فیڈنگ اور Batch بنانے کا کام دی گئی مقررہ تاریخ سے پہلے ہر صورت مکمل کر لیں تاکہ آپ آن لائن چالان پرنٹ کر کے فیس بروقت بینک میں جمع کروا سکیں۔

6۔ Batch بننے کے بعد غلطی کے ظاہر ہونے کی صورت میں آن لائن درخواست فارم (Application Form) پر Batch ڈیلیٹ کروانے کی درخواست لکھیں، Batch ڈیلیٹ کروانے کی فیس مبلغ -/1500 روپے ہے۔

7۔ رجسٹریشن فارم، ریونیو لسٹ، رجسٹریشن ریٹرن، چالان فارم اور فارورڈنگ لیٹر پرنٹ کرنے کے لیے Legal سائز 80 گرام کا کاغذ استعمال کریں۔ ورنہ ریٹرن جمع نہ ہو سکے گی۔

# استعمال کرنے کا طریقہ


## METHOD OF USING ONLINE REGISTRATION SYSTEM

## DIRECT LINK OF REGISTRATION PORTAL

ویب سائٹ کھولنے کے لیے اپنے سسٹم سے Google Chrome یا Firefox سے ایڈریس بار میں جا کر

http:// sscregistration.biselahore.com

لکھیں۔




لاگ اِن پیج (Login Page)


2- ایڈریس بار میں http://sscregistration.biselahore.com کو open کرنے کے بعد Login Page آپ کے سامنے آئے گا۔ جو کہ کچھ اِس طرح کا ہو گا۔ Login Page صفحہ نمبر (16) پر ہے

## 2ND METHOD
## TO OPEN THE REGISTRATION PORTAL

رجسٹریشن پورٹل کھولنے کے لیے دوسرا طریقہ یہ ہے

1- آپ بورڈ کی ویب سائٹ (www.biselahore.com) کو Open کریں۔

2- ویب سائٹ کے مین پیج پر SSC Members پر کلک کرکے ایس ایس سی رجسٹریشن پورٹل (SSC Registration Portal) میں انٹر ہوسکتے ہیں۔




### لاگ اِن پیج (Login Page)


ویب سائٹ کے مین پیج پر SSC Members کی آپشن کو کلک کرنے کے بعد Login Page آپکے سامنے آئے گا۔ جو کہ کچھ اِس طرح کا ہوگا۔ Login Page صفحہ نمبر (20) ملاحظہ فرمائیں۔

# ایس ایس سی رجسٹریشن آن لائن پورٹل

## LOGIN PAGE OF
## REGISTRATION ONLINE PORTAL

### رجسٹریشن پورٹل کالاگ اِن پیج

نیچے دی گئی تصویر لاگ اِن پیج Login Page کی تصویر ہے۔اس میں آپ بورڈ کی طرف سے دیا گیا خفیہ User Name اور Password ہی استعمال کرسکتے ہیں اگر آپ کو Login کرنے میں مشکل پیش آئے توبراہِ مہربانی Recognition برانچ سے رجوع کریں۔





لاگ اِن (Login)

اپنا Username اور Password اِنٹر کریں اور Login بٹن پر کلک کریں۔

# WELCOME SCREEN

## خوش آمدید سکرین

کامیاب Login ہونے کے بعد آپ اِس سکرین پر پہنچیں گے۔یاد رہے کہ! آپ کو دیے گئے Login کے مطابق یہاں آپ کے ادارے کا نام اور دیگر تفصیلات نظر آئیں گی۔نیچے تصویر ملاحظہ فرمائیں۔




# For Registration Page

## رجسٹریشن کرنے کے لیے

جماعت نہم کی نیو رجسٹریشن کرنے کے لیے SSC Registration آپشن پر کلک کریں۔نیچے تصویر ملاحظہ فرمائیں۔



# ENROLLMENT FORM OF REGISTRATION ONLINE PORTAL

## رجسٹریشن پورٹل کا انرولمنٹ فارم

اس ویب Page پر New Enrollment کے بٹن پر کلک کرنے سے آپ کو نیو انرولمنٹ فارم نظر آئے گا۔
نیچے تصویر ملاحظہ فرمائیں۔



اس ویب Page پر New Enrollment کے بٹن پر کلک کرنے کے بعد مندرجہ ذیل فارم میں طالب علم کے کوائف درج کریں، اور تصویر Upload کریں، ادارے کے کوائف درج کریں اور سب سے آخر میں گروپ اور مضامین کا اندراج کریں۔

فارم فیڈنگ کا طریقہ کار درج ذیل ہے بغور مطالعہ کریں۔

## ضروری ہدایات برائے فارم فیڈنگ

1- فارم میں ذاتی معلومات فیڈ کرنا

فارم فیڈ کرتے وقت طالب علم کی ذاتی معلومات کی فیڈنگ کریں۔

درج ذیل تصویر کو ملاحضہ فرمائیں۔


HOME NEW ENROLMENT REPORTS EDIT FORM CREATE BATCH BATCH LIST SIGN OUT

Welcome GOVT. GIRLS HIGHER SECONDARY SCHOOL, AWAN TOWN, LAHORE

Welcome to SSC Registration Portal, from BISE Lahore IT Team.Please Complete your Registration form Feeding and Batch creation (Single Fee) till 31

Personal Information

Candidate Name * Father's Name *

Nationality PAKISTANI NON PAKISTANI

BayForm No * Father's CNIC *

Date of Birth(DD/MM/YYYY) * Candidate/Guardian's Mobile Number *

Choose File No f...sen

Speciality Mark of Identification

NONE

2- تصویر Upload کرنا

دی گئی تصویر کے مطابق Choose File پر کلک کریں اور اُس فولڈر تک رسائی حاصل کریں جہاں سے آپ تصویر Upload کرنا چاہتے ہیں اور Open پر کلک کریں۔ مطلوبہ تصویر Upload ہو جائے گی۔


3- تصویر کے بارے میں معلومات


تصویر Upload کرتے وقت اس بات کا دھیان رکھیں کہ طالب علم کا چہرہ واضح ہونا چاہیے۔

تصویر کم از کم 150 DPI پر سکین کی جائے، تصویر کا پسِ منظر سفید رنگ کا ہونا چاہیے۔


تصویر کا سائز 20KB سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ ورنہ تصویر Upload نہیں ہو گی۔

تصویر صرف اور صرف Jpg/Jpeg فارمیٹ میں ہی قابلِ قبول ہو گی۔




4- تعلیمی ادارے کی معلومات فیڈ کرنا۔
تصویر ملاحظہ فرمائیں۔




5- امتحانی معلومات فیڈ کریں۔
گروپ سلیکٹ کریں، مضمون فیڈ کریں۔ فارم کو SAVE کرنے کے لیے SAVE کے بٹن پر کلک کریں۔
تصویر ملاحظہ فرمائیں۔



# پروف ریڈنگ رپورٹس، پرنٹنگ

# PROOF READING REPORTS, PRINTING


فیڈ کیے گئے فارمز کو دیکھنے کے لیے یا اُن کی پروف ریڈنگ کرنے کے لیے Reports کی آپشن پر کلک کریں۔
Reports کی آپشن پر کلک کرنے کے بعد آپ کو کچھ اس طرح کی سکرین نظر آئے گی۔





یہاں پر ہم پہلے سے فیڈ کیے گئے فارمز کو GROUP WISE اور CLASS ROLL NO. WISE دیکھ سکتے ہیں۔ بلکہ Get Report کی آپشن پر کلک کر کے اُسے پرنٹ بھی کر سکتے ہیں۔ نیز اُسکی PDF فائل کو Download بھی کیا جاسکتا ہے۔

# PROOF READING REPORTS, PRINTING GROUP WISE

گروپ وائز فارمز کو دیکھنے کے لیے سکرین پر موجود Select Option سے Group Wise کو کلک کریں
اور نیچے دیئے گئے Seclect Group سے جہاں(--ALL--) لکھا آرہا ہے اس پر کلک کریں تو ایک
Drop Down List ظاہر ہو گی جس میں آرٹس گروپ یا سائنس گروپ یا مزید گروپس لکھے نظر
آرہے ہوں گے اپنے مطلوبہ گروپ کو سلیکٹ کریں





گروپ سلیکٹ کرنے کے بعد Get Report پر کلک کریں۔




# PROOF READING REPORTS, PRINTING CLASS ROLL NO. WISE

کلاس رول نمبر وائز فارمز کو دیکھنے کے لیے سکرین پر موجود Select Option سے Class RollNo Wise کو کلک کریں اور نیچے دیئے گئے Starting Roll No: میں کلاس کا رول نمبر (مثال کے طور پر 101) لکھیں اور Ending Roll NoI: میں کلاس کا رول نمبر (مثال کے طور پر 150) لکھیں۔





Starting Roll No: لکھنے کے Ending Roll No: لکھنے کے بعد Get Report پر کلک کریں۔




# فارم کے کوائف تبدیل کرنے کا طریقہ

## HOW TO EDIT FORM

فیڈ کیے گئے فارمز کے کوائف کو تبدیل کرنے کے لیے EDIT FORM کی آپشن پر کلک کریں۔
کلک کرنے کے بعد آپ کو کچھ اس طرح کی سکرین نظر آئے گی۔





فیڈ کیے گئے فارمز کے کوائف کو تبدیل کرنے کے لیے EDIT FORM کی آپشن پر کلک کرنے کے
بعد آپ Select Group سے گروپ سلیکٹ کریں۔




کسی بھی فارم کو EDIT کرنے کے لیے فارم نمبر پر یا سٹوڈنٹ کے نام پر کلک کرنے سے وہ فارم کھُل جائے گا اور آپ اُس میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

**نوٹ:**

یاد رہے کہ BATCH بنانے کے بعد آپ کسی بھی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں کر سکیں گے۔



فارم میں تبدیلی کرکےUPDATEپرکلک کرنے سے فارم تبدیلی کے ساتھSAVEہوجائے گا۔



HOME | NEW ENROLMENT | REPORTS | EDIT FORM | CREATE BATCH | BATCH LIST | SIGN OUT

Welcome GOVT. GIRLS HIGHER SECONDARY SCHOOL, AWAN TOWN, LAHORE

SSC Registration Portal,2017 from BISE Lahore IT Team.Please Complete your Registration form Feeding and Batch creation (Single Fee) till

## Personal Information

Form No: 206148

Candidate's Name *: MUHAMMAD ALI MUGHAL
Father's Name *: AHMED ALI MUGHAL
Nationality: PAKISTANI / NON PAKISTANI
BayForm No *: 00000-0000000-0
Father's CNIC *: 00000-0000000-0
Date of Birth(DD/MM/YYYY) *: 06/04/1990
Candidate/Guardian's Mobile Number *: 03024181346
Choose File No f...sen
Speciality: NONE
Mark of Identification: NONE
Hafiz-e-Quran: NO / YES
Religion: MUSLIM / NON MUSLIM
Region: RURAL / URBAN
Gender: MALE / FEMALE
Candidate's Home Address *: 86-MOZANG ROAD LAHORE

## Institutional Information

Admission Number *: 1056
Class Roll No *: 101
Date of Admission(DD/MM/YYYY) *:
Medium: URDU / ENGLISH
Previous Registration Number

## Exam Information

Study Group: HUMANITIES

**Subjects**

TRANSLATION OF THE HOLY QURAN | URDU
ENGLISH | ISLAMIYAT
PAKISTAN STUDIES | GENERAL SCIENCE
GENERAL MATHEMATICS | ADVANCED ISLAMIC STUDIES
PUNJABI


UPDATE | Cancel

اس بٹن کو دبانے سے فارمز میں کی گئی
تبدیلیUPDATEہو
کےSAVEہوجائے گی

# فارم کو ڈیلیٹ کرنے کا طریقہ

# HOW TO DELETE FORM

کسی بھی فارم کو ڈیلیٹ کرنے کے لیے EDIT کی آپشن میں جا کر متعلقہ فارم نمبر سلیکٹ کریں اور دائیں جانب Delete کے بٹن پر کلک کر کے Delete کر سکتے ہیں۔



# بیچ بنانے کا طریقہ

# HOW TO CREATE BATCH

Batch بنانے کے لیے Main Page سے CREATE BATCH پر کلک کریں۔




یہاں آپ اپنی مرضی سے Batch بنا سکتے ہیں۔

یہاں Batch بنانے کے لیے 3 قسم کی آپشنز ہیں۔

Group Wise    سائنس / آرٹس

Special Case    (Board Employee)

Special Case    (Disabled)


# CREATE GROUP WISE BATCH

GROUP WISE BATCH بنانے کے لیے

GroupWise آپشن پر کلک کریں

پھر Select Group سے Group سلیکٹ کریں۔

پھر فارم نمبر کے ساتھ ہر سٹوڈنٹ کے ساتھ ایک چیک باکس بنا ہو گا۔ آپ One by One بھی سلیکٹ کر سکیں گے۔ آپ ایک ساتھ بھی تمام سٹوڈنٹ سلیکٹ کر سکتے ہیں۔ نیچے تصویر ملاحظہ فرمائیں۔




مندرجہ بالا تمام Procedure کو مکمل کرنے کے بعد Create Batch پر کلک کریں۔

Create Batch پر کلک کرنے کے بعد Batch بن جائے گا۔

نوٹ: یاد رہے کہ Batch بننے کے بعد آپ فارمز میں کسی بھی قسم کی ترمیم / تبدیلی نہیں کرسکتے۔


# CREATE SPECIAL CASE BATCH

BOARD EMPLOYEES کا Batch بنانے کے لیے

SPECIAL CASE آپشن پر کلک کریں۔

پھر Select Group سے Group سلیکٹ کریں۔

پھر فارم نمبر کے ساتھ ہر سٹوڈنٹ کے ساتھ ایک چیک باکس بنا ہو گا۔ آپ One by One بھی سلیکٹ کر سکیں گے۔ آپ ایک ساتھ بھی تمام سٹوڈنٹ سلیکٹ کر سکتے ہیں۔ نیچے تصویر ملاحظہ فرمائیں۔




مندرجہ بالا تمام Procedure کو مکمل کرنے کے بعد Create Batch پر کلک کریں۔

Create Batch پر کلک کرنے کے بعد Batch بن جائے گا۔

نوٹ: یاد رہے کہ Batch بننے کے بعد آپ فارمز میں کسی بھی قسم کی ترمیم / تبدیلی نہیں کر سکتے۔


# CREATE SPECIAL CASE BATCH

DISABLED STUDENTS کا Batch بنانے کے لیے

SPECIAL CASE آپشن پر کلک کریں۔

پھر Select Group سے Group سلیکٹ کریں۔

پھر فارم نمبر کے ساتھ ہر سٹوڈنٹ کے ساتھ ایک چیک باکس بنا ہو گا۔ آپ One by One بھی سلیکٹ کر سکیں گے۔ آپ ایک ساتھ بھی تمام سٹوڈنٹ سلیکٹ کر سکتے ہیں۔ نیچے تصویر ملاحظہ فرمائیں۔




مندرجہ بالا تمام Procedure کو مکمل کرنے کے بعد Create Batch پر کلک کریں۔


Create Batch پر کلک کرنے کے بعد Batch بن جائے گا۔

نوٹ: یاد رہے کہ Batch بننے کے بعد آپ فارمز میں کسی بھی قسم کی ترمیم / تبدیلی نہیں کر سکتے۔

# BATCH LIST

## BATCH LIST INFORMATION


Batch List کی معلومات کے لیے Main Page سے BATCH LIST پر کلک کریں۔




Batch List کی معلومات

چالان فارم پرنٹ کرنے کے لیے اِس بٹن کو استعمال کریں Batch متعلقہ

رجسٹریشن ریٹرن پرنٹ کرنے کے لیے اِس بٹن کو استعمال کریں Batch متعلقہ




ریونیو فارم پرنٹ کرنے کے لیے اِس بٹن کو استعمال کریں Batch متعلقہ

رجسٹریشن فارمز پرنٹ کرنے کے لیے اِس بٹن کو استعمال کریں Batch متعلقہ

# ریکارڈ کو محفوظ رکھنا


## SAVE THE RECORD

انرولمنٹ ریٹرن، ریونیو فارم، چالان فارم اور انرولمنٹ فارم یہ تمام فائلز PDF فارمیٹ میں آپ کے پاس DOWNLOAD ہونگی۔ جس کو OPEN کرنے کے لیے آپ کے پاس PDF Reader سافٹ ویئر ہونا ضروری ہے، اِس کے بعد آپ ان رپورٹس کو صرف لیگل سائز پر پرنٹ کریں۔ کمپیوٹر ریکارڈ اپنے پاس محفوظ رکھیں۔


# پرنٹ کرنے کا طریقہ

## METHOD TO TAKE PRINT

پرنٹ کرنے سے پہلے Page Sizing & Handling کی آپشن میں سے Fit کی آپشن سلیکٹ کریں۔



اور Properties کی آپشن میں سے Paper Size سے Legal سلیکٹ کریں۔




اس کے بعد OK پر کلک کر کے پرنٹ بھیج دیں۔

نوٹ: مینوئل چالان فارم / انرولمنٹ ریٹرن / ریونیو فارم نا قابلِ قبول ہیں۔

# بیچ Delete پروفارما

## BATCH DELETE PROFORMA

Batch ڈیلیٹ کروانے کے لیے مندرجہ ذیل دیا گیا پروفارما سکول لیٹر ہیڈ پر پرنٹ کر کے آن لائن چالان نکال کر فیس جمع کروانے کے بعد اس پروفارما پر گوند یا لیوی سے چسپاں کریں۔

The Secretary,
Board of Intermediate & Secondary Education,
Lahore.

**Subject:** **<u>Application for (here you have to mention the subject)</u>**

**<u>Respected Sir,</u>**

Here you have to write the body of the application, where you will mention the detail of your problem. You must right the reason as to why you are going to delete the batch.

**Batch ID**
######

**Institute Code**
######

**Signature & Stamp**
Head of Institution

(Fee for Batch Deletion is Rs.1100/- per Batch)

Paste your original paid challan receipt.

# BOARD OF INTERMEDIATE & SECONDARY EDUCATION

86-MOZANG ROAD LAHORE

